سوال

(229) اذان کے دوران باتیں اور بعد میں جواب دینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اذان ہورہی ہو اور کوئی آدمی باتیں کرتا رہا، اذان مکمل ہونے کے بعد جواب میں ساری اذان کے لفظ کہہ لے تو یہ کیسا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اذان کے کلمات کا جواب ساتھ ساتھ دینا چاہیے، اور باتیں کرنے سے احتراز ہونا چاہیے۔ اگر کوئی ایسی صورت پیدا ہو جائے کہ ساتھ جواب نہ دے سکے، تو بظاہر بعد میں عدم استدراک ہے۔ یعنی جواب نہ دیا جائے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :212

محدث فتویٰ